# ہنگامی سیلاب سے دوچار میانمار کی باز آبادکاری کے لئے تباہی ریلیف امداد

نئی دہلی

6اگست،2015

(آئی این ایس انڈیا)

میانمار کے بارہ علاقے اور صوبے شدید طوفان سے بری طرح متاثر ہیں جس کی وجہ سے تباہ کن سیلاب اور بڑے پیمانے پر تودے گرنے کے واقعات ملک میں پیش آئے ہیں ۔تقریبا 250,000 افراد اس سے متاثر ہیں ۔اور 500,000 کے قریب کسان اس سے متاثر ہیں۔ 31 جولائی کومیانمار کےصدر نے چن اور کھینے صوبہ اور میگوے اور سگینگ علاقے کوقدرتی آفت زدہ حلقہ قرار دیا تھا، ہنگامی باز آبادکاری کا حکم دیتے ہوئے۔

4اگست 2015 کوحکومت میانمار نے متاثرہ افراد کی باز آبادکاری کے لئے تمام بین الاقوامی ریلیف کا خیر مقدم کیا۔حکومت ہند نے خاص طور پر ہنگامی صورت حال میں ہوائی جہاز کے ذریعہ

متاثرہ علاقوں میں چاول اور ادویات بھیجنے کی درخواست کی تھی جہاں اس کو دوسرے ذرائع سے پہچانا مشکل تھا۔

بازآبادکاری کے پیش نظر حکومت ہند نے میانمار کے لئے ہنگامی ریلیف روانہ کردیا ہے۔ہندوستانی ایئرس فورس ایئر کرافٹ ریلیف کو کالے،ستوے اور منڈالے میں پہچانے میں مصروف عمل ہیں اور دیگر متاثرہ علاقوں میں میانمار انتظامیہ کے مشورہ سے پہچانے کے لئے تیار ہے۔یہ تمام کاروائیاں انجام دی گئی ہیں وزرات خارجہ کی طرف وزرات داخلہ،وزرات صحت ،زارت دفاع اور ایئرفورس سے ہم آہنگ ہونے کی وجہ سے۔ہندوستانی سفارت خانہ،ینگون اور ہندوستانی قونصلر منڈالے میں موجود ہیں۔آپریشن کی کاروائی اگلے دو۔تین دنوں میں مکمل ہوگی۔

ینگون میں واقع ہندوستانی سفارت خانہ میانمار انتظامیہ اور بین الاقوامی اداروں کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے۔

میانمار کے ساتھ خاص رشتہ ہونے کی وجہ سے ہندوستان فخر محسوس کرتا ہے اور اس بحران کی گھڑی

میں میانمار کی عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔

نئی دہلی

6اگست،2015